تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

July 03, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طالب علم کو دواؤں کی لباریٹریز کی طرف سے ملازمت کی اہم پیش کش

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ یونانی فارمیسی ڈپلوما کورس کے چار طلبا کو آئی ایس او کی طرف سے تصدیق شدہ کمپنی ڈرگس لباریٹریز کی طرف سے اہم عہدوں کی پیش کش ہوئی ہے۔ان طلبا کو کمپنی میں بالترتیب سیلز ایگزیکیٹیو، پروڈکشن ایگزیکیٹیواور مارکیٹنگ اکزیکیٹیو کے عہدوں اور مناصب کی پیش کش ہوئی ہے۔

طلبا کو اس ملازمت میں مارکیٹنگ اور پروڈکشن ایگزیکیٹیو میں سالانہ دولاکھ سولہ ہزار اور سیلس ایگزیکیٹیو میں سالانہ ایک لاکھ اسی ہزار کے عمدہ پیکیج ملے ہیں۔فیکلٹی اراکین اور یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل ٹیم کی موجودگی میں طلبا کو آفر لیٹر جاری کیے گئے۔طلبا کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ زندگی میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

منتخب طلبا نے کورس میں اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور جامعہ کے یونانی فارمیسی پروگرام میں ان کی حصولیابی سے یونیورسٹی کے ڈپلوما میں دی جارہی عمدہ تربیت کا اندازہ ہوتا ہے۔اہم اور موقر اداروں میں طلبا کی ملازمتوں کی کامیابی سے تعلیم اور افضلیت کے تئیں یونیورسٹی کے پابند عہد ہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ڈرگ لباریٹریز کے درمیان اشتراک ،صنعت کے ساتھ یونیورسٹی کے بہترین رشتے کے ثبوت کے ساتھ ساتھ طلبا کو قابل ملازمت بنانے کے سلسلے میں اس کی توجہ کا ثبوت ہے۔اس شراکت داری سے طلبا کو صرف ملازمت کے بہتر مواقع ہی دستیاب نہیں ہوئے بلکہ اس سے یونانی فارمیسی کی تعلیم میں ایک اہم ادارے کے طور پر جامعہ کی شناخت بھی مستحکم ہوئی ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی